فیضِ میر

میر تقی میر

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی

فیضِ میر

مصنف

میر تقی میر

ترتیب و تدوین

شریف حسین قاسمی

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان
وزارت ترقی انسانی وسائل، حکومت ہند
فروغ اردو بھون، FC-33/9، انسٹی ٹیوشنل ایریا، جسولہ، نئی دہلی۔110025

پہلی اشاعت	:	اپریل 2010
تعداد	:	550
قیمت	:	-/32 روپے
سلسلۂ مطبوعات	:	1341

Faiz-e-Mir

by

Mir Taqi Mir

ISBN :978-81-7587-333-9

ناشر: ڈائرکٹر، قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، فروغ اردو بھون، FC-33/9، انسٹی ٹیوشنل ایریا، جسولہ، نئی دہلی110025

فون نمبر: 49539000، فیکس:49539099

ای۔میل:urducouncil@gmail.com، ویب سائٹ:www.urducouncil.nic.in

طابع: ہائی ٹیک گرافکس، 167/8، سوناپریاچمبرس، جولینا، نئی دہلی۔110025

اس کتاب کی چھپائی میں 70GSM, TNPL Maplitho کاغذ استعمال کیا گیا ہے۔

پیش لفظ

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی نے یہ فیصلہ کیا تھا کہ اردو کے معروف شاعر میر تقی میر کے تمام آثار کو شائع کرے۔ یہ کام جاری ہے۔ میر تقی میر نے فارسی میں بھی شعر کہے ہیں۔ ان کا فارسی دیوان موجود ہے اور شائع ہو چکا ہے۔ ان کی فارسی نثر میں بھی تین کتابیں ملتی ہیں۔ ایک ''فیض میر''، دوسری ''ذکر میر'' اور تیسری ریختہ (اردو) شعرا کا تذکرہ ''نکات الشعرا''۔

کونسل نے ''فیض میر'' اور ''ذکر میر'' کی تدوین و تصحیح کا کام پروفیسر شریف حسین قاسمی کے سپرد کیا ہے۔ آپ نے ''فیض میر'' مرتب کر لیا ہے جو قارئین کی خدمت میں پیش ہے۔

میر کے اس رسالے کو پروفیسر مسعود حسن رضوی ادیب مرحوم نے شائع کیا تھا، چوں کہ انھیں ''فیض میر'' کا کوئی دوسرا نسخہ دستیاب نہیں ہوا تھا، اس لیے ان کا مطبوعہ متن صرف ایک ہی نسخے پر منحصر ہے جو ان کے کتب خانے میں محفوظ تھا۔

پروفیسر قاسمی نے پیش خدمت متن کو دو نسخوں کی مدد سے مرتب کیا ہے۔ ایک رضوی مرحوم کا مطبوعہ متن اور دوسرا ''فیض میر'' کا ایک خطی نسخہ جو کتب خانہ رضا، رامپور میں محفوظ ہے۔ اس طرح ''فیض میر'' کا ایک بہتر اور مکمل متن قارئین کی نذر ہے۔

کونسل کی طرف سے پروفیسر قاسمی کا شکریہ ادا کرنا ضروری ہے کہ انھوں نے ''فیض میر'' کا فارسی

متن مرتب کیا، اس پر ایک مفصل تحقیقی پیش گفتار، فرہنگ اور تعلیقات کا اضافہ کیا اور اس طرح میر کی اس کتاب کی افادیت میں اضافہ کیا ہے۔

اہل علم سے گزارش ہے کہ اگر زیرِ نظر کتاب میں انھیں کوئی کمی نظر آئے تو ہمیں لکھیں تا کہ جو خامی رہ گئی ہو وہ اگلی اشاعت میں دور کر دی جائے۔

ڈاکٹر محمد حمید اللہ بھٹ
ڈائرکٹر

پیش گفتار

میر تقی میر (متولد: 1722-23/1135، متوفی: جمعہ 20 شعبان 21/1225 ستمبر 1810) اردو شاعری کی تاریخ میں ''خدائے سخن'' کہلاتے ہیں۔ میر کے اس مقام و رتبے پر کسی نے انگلی نہیں اٹھائی، یعنی اردو میں سب ان کی استادی کے معتقد ہیں:

معتقد کون نہیں میر کی استادی کا

میر کی اسی مسلمہ امتیازی حیثیت وانفرادیت کے پیش نظر فارسی اور اردو کے معتبر و نامور محققین اور ناقدین نے ''خدائے سخن'' کی زندگی اور ادبی کارناموں کو متعارف کرانے اور ان کی قدر و منزلت متعین کرنے کے لیے قابل قدر کام انجام دیے ہیں جو منظر عام پر آ چکے ہیں۔

میر نے، جیسا کہ معلوم ہے، اردو کے علاوہ فارسی میں بھی ایک دیوان [1] مرتب کیا تھا۔ اس میں 522 غزلیات، 104 رباعیات، ایک مختصر مثنوی اور منقبت میں بارہ بند کا ایک ترجیع بند شامل ہیں۔ میر فارسی میں بھی اردو کی طرح غزل کے شاعر ہیں اور عظیم شاعر۔ ان کی غزلوں میں ان کے

1- یہ دیوان پروفیسر نیر مسعود نے مرتب کیا ہے جو نقوش کے میر تقی میر نمبر میں شائع ہوا ہے۔ نیر مسعود صاحب نے اس دیوان سے ایک مختصر انتخاب کیا تھا۔ اس انتخاب کا راقم الحروف نے اردو میں ترجمہ کیا تھا جو ''اردو ادب'' نئی دہلی کے چند شماروں میں شائع ہوا ہے۔

معشوق مجازی کی تعریف وتوصیف ہے۔اس کے سراپا کا بیان ہے۔ عشق وعاشقی میں ان پر کیا کیا بیتی، وہ کن مراحل سے گذرے، عالم ہجر نے ان پر کیا کیا قیامتیں ڈھائیں، ان کا محبوب ان سے کس طرح پیش آیا، انھوں نے کس طرح اس کی ناز برداریاں کیں، وصل نصیب ہوا تو کیف وسرور ومستی نے انھیں کیسی کیسی خوشیاں اور مسرتیں بخشیں، ان ہی کوائف کی توضیح وتشریح ہے میر کی فارسی غزل [1] اسی کو اصطلاحاً ''وقوع گویی'' کہا جاتا ہے۔

خود میر اپنے فارسی دیوان کا ظاہر ہے مبالغے کے ساتھ، اس بیت میں تعارف کراتے ہیں:

گذشت نوبت قدسی و صائب و طغرا　　در این زمان همه دیوان میر می خوانند

اردو نثر میں میر تقی میر کی کسی تخلیق کا علم نہیں، لیکن فارسی نثر میں ان کی درج ذیل تصانیف دستیاب ہیں:

1- نکات الشعرا [2]: مصنف کے بقول یہ اپنی نوعیت کی پہلی کتاب ہے جو شعراے ریختہ کی یاد صفحۂ روزگار پر باقی رکھنے کی غرض سے لکھی گئی ہے۔ نکات الشعرا کے مختصر مقدمے میں اس بارے میں خود میر کے الفاظ یہ ہیں: ''فن ریختہ میں جو فارسی کی طرح اردوے معلّٰی شاہ جہان آباد دہلی کی زبان میں شعر کہنے کا انداز ہے، کوئی کتاب اس وقت تک نہیں لکھی گئی۔ اس فن کے شاعروں کے حالات اس روے زمین پر باقی رہ جائیں، اس غرض سے یہ تذکرہ موسومہ نکات الشعرا لکھا جارہا ہے''۔ قرائن سے پتا چلتا ہے کہ یہ تذکرہ 1165ھ (1752) میں مرتب ہوا ہے۔ اس میں 103 شعرا کے احوال درج ہیں۔

نثار احمد فاروقی نے ثابت کیا ہے کہ شعراے اردو کا سب سے پہلا تذکرہ قائم چاندپوری کا

1- تفصیل کے لیے دیکھیے راقم کا مضمون ''میر تقی میر کی فارسی شاعری''، غالب نامہ، نئی دہلی، شمارہ 3۔

2- یہ اب تک تین بار شائع ہو چکا ہے۔ پہلا ایڈیشن نواب صدر یار جنگ حبیب الرحمٰن خان شیروانی کے مقدمے کے ساتھ انجمن ترقی اردو کے سلسلۂ مطبوعات کے تحت نظامی پریس بدایوں سے شائع ہوا تھا۔ دوسرا ایڈیشن 1935 میں مولوی عبدالحق کے مقدمے کے ساتھ، انجمن ترقی اردو پریس، اورنگ آباد سے شائع ہوا۔ اس کے بعد ڈاکٹر محمود الٰہی نے یہ تذکرہ مرتب کر کے 1973 میں دہلی سے شائع کیا ہے۔ حمیدہ خاتون نے اس کا اردو ترجمہ 1944 میں دہلی سے شائع کیا ہے۔

''مخزن نکات'' ہے۔ (دیکھیے تلاش میر، از نثار احمد فاروقی میں شامل مضمون ''تذکرۂ معشوق چہل سالہ''۔)

2- دریاے عشق 1: میر کی یہ ایک اردو مثنوی ہے۔ یہ بڑی مقبول ہوئی۔ اس کو خود میر کے زمانے میں بھی پسند کیا گیا۔ اسی وجہ سے مصحفی (متوفی:1824/1240) نے میر کی اس مثنوی کے جواب میں ''بحر المحبت'' نظم کی 2۔ میر نے اپنی اس مثنوی میں جو قصہ بیان کیا ہے، اسے پہلے انھوں نے فارسی نثر میں لکھا تھا، جس کا ایک قلمی نسخہ رضا لائبریری، رامپور میں موجود ہے 3۔ خود میر کی مثنوی کا قصہ اسی نوعیت کی ایک فارسی مثنوی سے ماخوذ ہے۔

3- ذکر میر 4: یہ محض میر کی خود نوشت سوانح ہی نہیں بلکہ میر کے دور کی سماجی اور سیاسی تاریخ کا ایک اہم ورق بھی ہے۔ میر نے اپنی یہ کتاب 1185ھ کے لگ بھگ لکھنا شروع کی اور خود ان کے بقول 1197 ھ میں اسے مکمل کیا:

مسمّی به اسمی شد ای با هنر   که این نسخه گردد به عالم سمر

ز تاریخ آگه شوی بی گمان   فزایی عدد بست و هفت ار برآن

1- اس قصے کے چند اقتباسات رسالۂ نیرنگ، رامپور کے میر نمبر، جولائی 1928 میں شائع ہوئے تھے۔ امتیاز علی عرشی نے نثر میں اس کا فارسی متن دلی کالج میگزین (میر نمبر) دہلی 1963 میں شائع کیا ہے۔ پروفیسر نثار احمد فاروقی نے بھی اپنے مقالے ''مثنوی دریاے عشق'' میں اس کا تعارف کرایا ہے جو دلی کالج میگزین، (میر نمبر) ص 303-313 پر شائع ہوا ہے۔

2- دیکھیے راقم کا مضمون میر کی مثنوی ''دریاے عشق'' اور مصحفی کی مثنوی ''بحر المحبت'' کے فارسی ماخذ، غالب نامہ، ج26، شمارہ، جنوری 2005۔

3- دیکھیے کلیات میر کا ایک نادر نسخہ، امتیاز علی خان عرشی، دلی کالج میگزین (میر نمبر) ص 375۔

4- مولوی عبدالحق نے سہ ماہی اردو، میں میر کی اس تصنیف کا ملخص اردو ترجمہ 1926 میں شائع کیا۔ 1928 میں اس کا فارسی متن بھی ایک مقدمے کے ساتھ شائع کر دیا۔ اس کے بعد پروفیسر نثار احمد فاروقی نے ذکر میر کا اردو ترجمہ ''میر کی آپ بیتی'' کے عنوان سے 1957 میں طبع کرایا۔ فاروقی صاحب ہی نے تقریباً چالیس سال بعد ذکر میر کے اپنے ترجمے پر نظر ثانی کی اور اسے ذکر میر کے فارسی متن کے ساتھ 1996 میں انجمن ترقی اردو (ہند) نئی دہلی سے شائع کیا ہے۔

''ذکرِ میر'' سے 1170 برآمد ہوتے ہیں۔ اس میں 27 جمع کیجیے تو 1197ھ حاصل ہوں گے۔ لیکن ''ذکرِ میر'' میں اس سال کے بعد کے واقعات بھی لکھے گئے ہیں۔ جیسے غلام قادر روہیلہ کے مظالم کا بیان جو 1203ھ /1788 کا واقعہ ہے۔ قاضی عبدالودود نے اس بارے میں اپنی اس رائے کا اظہار کیا ہے:

''...... میرا قیاس ہے کہ یہ 1185ھ (1764) میں تمام ہوا۔ آغاز کتاب کے بارے میں میرا قیاس صحیح ہے تو کتاب کا بیشتر حصہ (نسخۂ مطبوعہ میں صفحہ 1 سے صفحہ 120 تک) کاماں میں قلم بند ہوا ہے، محض چند صفحے (صفحہ 121 سے 128 سطر 4) دہلی میں اور باقی لکھنؤ میں......''

4- ''فیض میر''[1] ایک مختصر رسالہ ہے۔ میر کے بڑے لڑکے فیض علی کو جب ''ترسل'' سے آشنائی کا شوق پیدا ہوا تو میر نے یہ رسالہ لکھا اور اپنے بیٹے کے نام کی مناسبت سے اس کا نام ''فیض میر'' رکھا۔ اس میں چند سطری مقدمے کے بعد پانچ حکایات ہیں اور یہ مختصر مدت میں لکھا گیا ہے۔ میر تقی میر اس بارے میں لکھتے ہیں:

"در این ایام فیض علی پسر من ذوق خواندن ترسل پیدا کرده بود، لذا حکایات خمسه متضمن فواید بسیار را به اندك فرصت نگاشتم و مراعات اسم او نموده نام نسخه "فیض میر" گذاشتم[2]"۔

میر نے اس کے بعد یہ دعویٰ بھی کیا ہے کہ جو بھی فیض میر کو دل سے پڑھے گا، گمان غالب ہے کہ وہ (ترسل کے میدان میں) کسی مشکل اور پریشانی سے دوچار نہیں ہوگا۔

فیض میر پر پروفیسر رضوی کے مقدمے سے معلوم ہوتا ہے کہ مولانا محمد حسین آزاد پہلے شخص تھے جنھوں نے آب حیات میں میر کے اس رسالے کا ذکر کیا ہے۔ فیض میر دستیاب نہیں تھا، اس

1- فیض میر، کا فارسی متن اور اس کا خلاصہ سب سے پہلے سید مسعود حسن رضوی ادیب نے نظامی پریس لکھنؤ سے (سال اشاعت درج نہیں) شائع کیا تھا۔ اس کے بعد 1929 میں آپ نے اس کا دوسرا ایڈیشن شائع کرایا۔ اس رسالے کا ذکر اصل میں مولوی عبدالغفور نے سخن شعرا (ص 479) اور پھر محمد حسین آزاد نے آب حیات (ص 254) میں کیا ہے۔ اس کا تذکرہ سراپا سخن (تلخیص تذکرۂ سراپا سخن، ص 189) پر بھی ملتا ہے۔

2- فیض میر، پیش نظر اشاعت، ص ا۔

لیے میر پر تحقیقی کام کرنے والوں نے آزاد کے بیان پر یقین نہیں کیا۔ حضرت ادیب کو جو ''خضر طریقت حضرت آزاد مغفور'' کی آب حیات کو معلومات کا انبار، سمجھتے تھے اور ان کی تحقیق کی وسعت اور جامعیت کا انھیں یقین تھا، جب ''فیض میر'' دستیاب ہوا تو ظاہر ہے انھیں خوشی ہونی ہی تھی۔ ایک تو اس لیے کہ یہ میر کی اس وقت تک ایک مفقودالاثر سمجھی جانے والی تصنیف تھی اور اس کے انکشاف کا سہرا حضرت ادیب کے سر تھا اور دوسرے اس وجہ سے کہ اس کی دستیابی آزاد کے بیان کی تصدیق و تائید تھی۔

میر تقی میر کی چار اولادیں تھیں۔ فیض علی فیض، حسن عسکری عرف میر کلّو متخلص بہ عرش، عزیز محمد حسین کلیم اور ایک لڑکی جس کا تخلص بیگم (متوفی 1223ھ) تھا۔ یہ صاحب دیوان شاعرہ تھیں [1]۔

میر کلو عرش سے سب واقف ہیں۔ فیض علی کے احوال زندگی زیادہ معلوم نہیں۔ یہ میر کے بڑے لڑکے تھے۔ فیض علی سے خود میر اپنی کتاب ''ذکر میر'' میں سب سے پہلے ہمارا تعارف کراتے ہیں۔ میر کمہیر میں تھے، سخت پریشان، کھانے پینے کا سامان نہیں تھا۔ اعظم خان [2] کی خدمت میں پہنچے کہ ان کی مدد سے کچھ دن سکھ سے کٹ جائیں۔ انھیں اپنی بپتا سنائی۔ اعظم خان بہت متاثر ہوا، لیکن اسے خود کچی کھانڈ بھی میسر نہیں تھی کہ میر کو شربت بنا کر ہی پیش کر سکتا۔ باتیں ہو رہی تھی کہ ایک عورت سر پر خوان رکھے دروازے سے داخل ہوئی اور کہا: ''سعدالدین خان کی بہن نے آپ کو دعا کہی ہے اور ''حلوائے نزاکت'' اور شنبہ کی شیرینی بھیجی ہے'' [3]۔

اعظم خان نے وسعت قلبی اور نہایت سخاوت کا مظاہرہ کیا اور یہ خوان اپنے عزیز مہمان میر تقی میر کو پیش کر دیا۔ میر نے کہا: ''یہ تو بہت ہے (اتنے سارے کا) کیا کروں گا''۔ اعظم خان نے کہا:

1- قسیم سخن: عبدالحی ضیا، ص 27۔

2- یہ اعظم خاں کلاں کے بیٹے تھے۔ اعظم خاں کلاں محمد شاہ کے عہد (1719-1748) میں شش ہزاری امیر اور نہایت کریم النفس انسان تھے۔ رک: میر کی آپ بیتی (ذکر میر کا اردو ترجمہ)، نثار احمد فاروقی، انجمن ترقی اردو (ہند) نئی دہلی، 1996، ص 145

3- یہ سعدالدین خان ثانی ہیں۔ ان کا نام حفیظ الدین تھا، رک: تاریخ محمدی: میرزا محمد بن رستم مخاطب بہ معتمد خان، مرتبہ امتیاز علی عرشی، علی گڑھ، 1960، ص 121

''تمہارے بیٹے میر فیض علی کے کام آ جائے گا''[1]۔

میر کے بعد نساخ نے ان کے تعارف میں لکھا ہے کہ:

فیض تخلص میر فیض علی خلف میر تقی میر، مقیم لکھنؤ[2]۔

شیفتہ بھی ان سے واقف تھے۔ وہ لکھتے ہیں:

ان کو سخن وری کا بہت غرور تھا، لیکن میری نظر سے ان کا ایسا کوئی شعر نہیں گذرا جو ان کے دعوے کا ثبوت ہوتا[3]۔

مصحفی کو میر کا معاصر ہی سمجھنا چاہیے۔ یہ بھی فیض کے بارے میں لکھتے ہیں:

فیض تخلّص پسر میر محمّد تقی میر، جوان صلاحیت شعار است. به مقتضای موزونی طبع که موروثی است، گاه گاهی بر وضع خاندان خود لب به زمزمۀ ریخته می کشاید و اندکی حصه از عجب پدر هم دارد[4]۔

''فیض میر'' کا فارسی متن پیش خدمت ہے۔ یہ متن اور اس کا اردو میں خلاصہ ایک تفصیلی مقدمے کے ساتھ سب سے پہلے پروفیسر سید مسعود حسن رضوی ادیب نے نظامی پریس، وکٹوریہ اسٹریٹ، لکھنؤ سے شائع کیا تھا۔ حضرت ادیب نے اس کو دوبارہ نسیم بک ڈپو، لاٹوس روڈ، لکھنؤ، سے مارچ 1929 میں طبع کرایا۔ اس بار اس کے متن میں تو کوئی رد و بدل نہیں کی لیکن ایک اہم اور مفید فرہنگ کا اضافہ کر دیا تا کہ متن کو سمجھنے میں آسانی ہو سکے۔ یہ بھی عرض کر دیا جائے کہ ''فیض میر'' کا متن جو پروفیسر رضوی نے مرتب کیا تھا خود ان کی نظر میں اشتباہات سے مبرا نہیں ہے، اس لیے اسی میں عافیت تھی کہ اس کا خلاصہ اردو میں پیش کیا جائے اور یہی کام انجام دیا گیا۔

مطبوعہ ''فیض میر'' پر حضرت ادیب کا مقدمہ ادبی اور تاریخی اہمیت کا حامل اور میر تقی میر سے حضرت ادیب کے تعلق خاطر کا غماز ہے۔

1- میر کی آپ بیتی (ذکر میر کا اردو ترجمہ) نثار احمد فاروقی، ص 146-147

2- سخن شعرا، ص 376

3- گلشن بے خار، ص 210

4- تذکرۂ ہندی، ص 166

فیض میر کی یہ دونوں اشاعتیں اب اس کے قلمی نسخے کی طرح کمیاب ہیں۔ اس لیے اس کی تیسری اشاعت ضروری ہے۔

رضوی صاحب کے اپنے کتب خانہ میں ''فیض میر'' کا ایک قلمی نسخہ تھا یہ بدخط اور کرم خوردہ تھا۔ اسے شائع کرنے سے پہلے وہ اس کا ایک دوسرے نسخے سے مقابلہ کرنا چاہتے تھے جو انھیں معلوم تھا کہ رامپور میں کسی کے پاس ہے، لیکن یہ ممکن نہیں ہو سکا اور آپ نے بڑی حسرت سے اس بارے میں لکھا:

رسالہ ''فیض میر'' کا جو نسخہ میرے کتب خانے میں ہے، وہ بدخط بھی ہے اور کرم خوردہ بھی۔ اس کے پڑھنے میں پوری کوشش کی گئی، پھر بھی بعض لفظ مشتبہ رہ گئے۔ جی چاہتا تھا کہ اگر اس کا کوئی دوسرا نسخہ مل جائے تو اس سے مقابلہ کر کے مشتبہ مقامات کی تصحیح کر لی جائے۔ خدا خدا کر کے پتا لگا کہ رام پور میں ایک صاحب کے پاس یہ رسالہ موجود ہے۔ کامیابی کی یہ صورت جو نظر آئی تو میرا شوق مجھ کو رام پور کھینچ لے گیا، لیکن انتہائی کوششوں پر بھی رسالہ کا مقابلہ ممکن نہ ہوا'' 1

پروفیسر ادیب کو رام پور کا نسخہ مقابلے کے لیے نہیں مل سکا، اس لیے انہوں نے معذرت کی:

''اس کتاب میں جو غلطیاں ملیں ان کا ذمہ دار ناظرین مجھ کو نہیں، بلکہ انھیں رام پوری حضرت کو قرار دیں، جنھوں نے مجھ کو ان غلطیوں کی تصحیح کا موقع نہ دیا'' 2۔

رضا لائبریری، رام پور میں ''کلیات میر'' کے ایک قلمی نسخے میں ''فیض میر'' اور ''ذکر میر'' دونوں موجود ہیں۔ 3 اب پتا نہیں یہ وہی نسخہ ہے جس کی تلاش میں حضرت ادیب رام پور تشریف لائے تھے اور مالک نسخہ نے اپنے غیر علمی رویے کا ثبوت دیا اور حضرت ادیب اسے دیکھ بھی

1- فیض میر، مرتبہ پروفیسر سید مسعود حسن رضوی ادیب، نظامی پریس، وکٹوریہ اسٹریٹ، لکھنؤ (پہلی اشاعت)، ص 16۔

2- ایضاً، ص 16۔

3- اردو مخطوطہ، شمارہ 917، اس میں 823 صفحات ہیں۔ ہر صفحہ پر 17 سطریں ہیں۔ ''نکات الشعرا'' کے علاوہ اس میں دیوان اردو، دیوان فارسی، فیض میر اور ذکر میر شامل ہیں۔ مثنوی دریائے عشق کی فارسی نثر بھی موجود ہے۔ ص 367-380۔

نہ سکے۔ ممکن ہے یہی نسخہ کسی وقت بعد میں رضا لائبریری کے ہاتھ فروخت کر دیا گیا ہو۔ رضا لائبریری کے مذکورہ ''کلیات میر'' کا اس لائبریری کے سابق معروف و معتبر فاضل و محقق ڈائرکٹر جناب مولانا امتیاز علی خان عرشی نے مفصل تعارف کرایا ہے۔1

''فیض میر'' کے درج ذیل تین قلمی نسخوں کا علم ہو چکا ہے:

1- پروفیسر سید مسعود حسن ادیب کے کتب خانے کا نسخہ۔ حضرت ادیب کے صاحبزادے پروفیسر نیر مسعود نے راقم کو یہ افسوسناک اطلاع دی ہے کہ یہ نسخہ اب ضائع ہو گیا۔

2- رضا لائبریری رام پور میں موجود ''کلیات میر'' میں شامل ''فیض میر'' کا نسخہ۔

3- ''کلیات میر'' نسخہ گوالیار میں بھی ''فیض میر'' شامل ہے۔ اس کے بارے میں یہ اطلاع ملتی ہے کہ دامن کوہ میں قلعۂ گوالیار کے نیچے غمگین کے کتب خانہ میں یہ نسخہ موجود ہے۔ اس میں دیگر کتابوں کے علاوہ ''کلیات میر'' کا ایک مخطوطہ بھی ہے۔ اس میں پانچ اردو اور ایک فارسی دیوان شامل ہیں۔ نثری حصے میں ''ذکر میر'' اور ''حکایات خمسہ'' (یعنی فیض میر) بھی موجود ہیں۔2

راقم الحروف کی نسخۂ گوالیار تک رسائی نہیں ہو سکی۔ پیش نظر متن پروفیسر مسعود حسن رضوی کے مرتبہ ''فیض میر'' اور رضا لائبریری رام پور کے خطی نسخے پر مبنی ہے۔ پروفیسر رضوی کے مرتبہ متن کے کوائف کا علم ان کے درج بالا بیانات سے ہو گیا ہوگا۔ جس کا خلاصہ یہ ہے کہ وہ خود اس متن سے مطمئن نہیں تھے چوں کہ ان کا نسخہ ایسے نقائص کا حامل تھا جن کی وہ کسی دوسرے نسخے کی عدم موجودگی کی وجہ سے تصحیح نہیں کر سکے۔

رضا لائبریری میں ''فیض میر'' کا نسخہ معمولی نستعلیق میں کتابت ہوا ہے۔ اس میں املا کی متعدد فاحش غلطیاں ہیں جو اس کے کاتب کی کم سوادی کا ثبوت ہیں۔ اس کے متن کا پروفیسر رضوی کے مرتبہ متن سے مقابلہ کیا گیا ہے۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا ہے کہ پروفیسر رضوی نے ''فیض میر'' کے اس قلمی نسخے کو جو ان کے پاس تھا اور جو ان کے بقول بدخط اور کرم خوردہ تھا، بڑی حد تک درست پڑھا ہے۔ اس مشکل کام میں فارسی زبان پر ان کے تسلط، اس زبان سے ان کے تعلق خاطر اور ذہنی

1- دیکھیے: دلی کالج میگزین (میر نمبر)۔

2- دیکھیے: نقوش، میر تقی میر نمبر، ادارۂ فروغ اردو، لاہور، اکتوبر، 1980، ص 145

مناسبت اور ذوق سلیم نے ان کی رہنمائی کی ہے۔ فارسی اور اردو مخطوطات کو رات دن پڑھنا، ان میں سے بعض کو مرتب اور شائع کرنا، اس مشق کی بنیاد پر پروفیسر رضوی ''فیض میر'' کا متن بڑی حد تک صحیح متعین کر سکے ہیں۔ سچی بات یہ ہے کہ اگر پروفیسر رضوی ''فیض میر'' کے اپنے اور رضا لائبریری کے خطی نسخے کا مقابلہ کر بھی پاتے تو انھیں صرف چند مقامات ہی پر اپنے نسخے میں تصحیح کرنی ہوتی اور وہ دو ایک جملے ہی دوسرے نسخے سے اپنے نسخے میں اضافہ کر پاتے۔ یہی کام راقم نے انجام دیا ہے۔ پروفیسر رضوی کے مطبوعہ اور رضا لائبریری کے ''فیض میر'' کے قلمی نسخے میں الفاظ و عبارات میں اختلافات اور حذف و اضافے کو حواشی میں درج کر دیا گیا ہے۔ حواشی میں حتی کاتب کی معمولی غلطیوں کی بھی نشاندہی کر دی گئی ہے جو بہت ضروری نہیں، لیکن اس طرح اب ''فیض میر'' کے دو قلمی نسخے آپ کی خدمت میں پیش ہیں۔ اس کا اقرار بہر صورت ضروری ہے کہ یہ متن اب بھی اشتباہات سے پاک نہیں۔ ممکن ہے کسی وقت ''فیض میر'' کا کہیں بہتر نسخہ اتفاق سے مل جائے تو اس کے متن کو آخری صورت دی جا سکے۔ بقول نظیری:

هست استغفار ما محتاج استغفار ما

یہ بھی عرض کر دیا جائے کہ پروفیسر رضوی نے ''فیض میر'' کی دوسری اشاعت میں فرہنگ شامل کی ہے وہ فرہنگ پیش نظر اشاعت میں شامل ہے۔ ''فیض میر'' اور ''ذکر میر'' میں متعدد الفاظ اور محاورات مشترک ہیں۔ راقم نے ان کی نشاندہی کی ہے۔ ''فیض میر'' میں جن اشخاص، مقامات اور کتابوں وغیرہ کا ذکر آیا ہے، اگر ممکن ہو سکا ہے، ان پر مختصر حواشی بھی لکھے ہیں کہ اس طرح ''فیض میر'' کی عبارات کو بہتر طور پر سمجھا جا سکتا ہے اور خود میر کی علمی و ادبی معلومات کے ذخیرے سے واقفیت بھی ہو سکتی ہے۔ یہ بتا دینا ضروری ہے کہ اشخاص کے ضمن میں یہ عمل کہیں کہیں ممکن ہو سکا ہے چوں کہ بعض اشخاص وغیرہ کے بارے میں کسی ذریعے سے کوئی اطلاع نہیں مل سکی۔ یہ بھی امکان ہے کہ ''فیض میر'' میں حکایات کی طرح یہ نام بھی محض فرضی ہوں۔

میر تقی میر نے ''فیض میر'' جیسا کہ خود انھوں نے بتایا ہے، اپنے لڑکے فیض علی کو 'ترسل' سے آشنا کرانے کے لیے لکھا تھا۔ اس میں ''ترسل'' کے ساتھ ساتھ میر نے اس پر زیادہ زور دیا ہے کہ ان کا لڑکا ان کے اپنے معتقدات سے بھی آشنا ہو سکے۔

میر نے اپنے اس رسالے میں فلسفے، تصوف اور وحدت الوجود کے چند مسائل سے بھی بحث کی ہے۔ درویشوں کی زبانی فلسفۂ الٰہیات سے متعلق ایسے ہی مسائل کی توضیحات اس رسالے میں نظر آتی ہیں۔ قابل توجہ بات یہ ہے کہ میر کو ان مسائل کو بیان کرنے پر بھی پوری قدرت حاصل تھی وہ انہیں صراحت سے بیان کر سکتے تھے۔

حکایات کے انداز بیان سے پتا چلتا ہے کہ ان میں بیشتر چشم دید واقعات بیان کیے گئے ہیں۔ ان حکایات سے خود میر تقی میر کے ذہنی سانچے کا بھی بخوبی علم ہوتا ہے۔ وہ درویشوں کے شروع سے قائل تھے۔ اس رسالے میں بھی وہ اپنے لڑکے کو مشائخ و اولیاء اللہ کے احوال و کوائف سے آشنا کرا رہے ہیں۔ اسی طرح کی تعلیم، جیسا کہ ''ذکر میر'' سے ظاہر ہوتا ہے، میر کے والد اور چچا نے میر کو بھی دی تھی [1]۔

ان حکایات کے بعض مطالب پر یقین کرنا آسان نہیں۔ اسی طرح کے واقعات فارسی کے مشہور آفاق شاعر میرزا عبدالقادر بیدل کی نثری تحریروں خاص طور پر چہار عنصر میں بھی نظر آتے ہیں۔ بیدل کی وفات 1132ھ میں اور میر کی رحلت 1225ھ میں ہوئی، یعنی دونوں کے زمانۂ حیات میں تقریباً بانوے 92 برس کا زمانی فاصلہ حائل ہے۔ ایسا لگتا ہے کہ تصوف اور الٰہیات سے متعلق اس طرح کے محیر العقول واقعات کو اس دور میں درخور اعتنا سمجھا جاتا تھا۔ اس طرح کے واقعات نقل کرنے کا شاید یہ مقصد تھا کہ مصنف اپنی شخصیت کے ایک ایسے پہلو سے روشناس کرائے جس سے عام لوگ محروم ہوتے تھے۔ عوام کے لیے اس نوعیت کی حکایتیں دلچسپی کا باعث ہوتی تھیں۔ کچھ لوگ ان پر یقین کرتے تھے اور بعض انہیں محض داستان قرار دیتے تھے اور ان سے لطف اندوز ہوتے تھے۔

صفدر آہ نے ان حکایات کے بارے میں لکھا ہے کہ ان حکایات کی کہانیوں کے پلاٹ میر نہیں بنا سکتے تھے۔ یہ پانچوں کہانیاں انہوں نے جگ بیتی کی صورت میں سنی ہوں گی جس کو زیادہ پر اثر بنانے کے لیے آپ بیتی کی تکنیک میں لکھ دیا ہے۔ ان حکایات میں جو واقعات بیان ہوئے ہیں وہ

1- محمد تقی میر: ڈاکٹر جمیل جالبی، ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی 1983، ص 60۔

عقل کے لیے نا قابل قبول ہیں، پھر بھی میر کا حسن انشا ہر کہانی میں نکھرا ہوا ہے 1۔

''فیض میر'' کے قطعی سال تصنیف کا علم نہیں ہوسکا۔ صفدر آہ کا قیاس ہے کہ اس کتاب کو پڑھنے کے لیے کسی لڑکے کا کم از کم بارہ چودہ برس کا ہونا ضروری ہے۔ فیض علی 1162ھ میں پیدا ہوئے تھے، لہٰذا ''فیض میر'' کا سال تصنیف 1174 یا 1176ھ ہونا چاہیے۔ اس زمانے میں میر کمہیر میں مقیم تھے 2۔

''فیض میر''، ''نکات الشعرا'' اور ''ذکر میر'' کی فارسی نثر ایک دوسرے سے بہت مختلف نہیں، ہونی بھی نہیں چاہیے کہ ایک ہی مصنف کی تخلیقات ہیں، لیکن ان تینوں تصانیف کا موضوع ایک دوسرے سے مختلف ہے اور اسی اختلاف موضوع و مقصد کی وجہ سے انداز بیان میں جو فرق درآیا ہے، وہ طبیعی ہے۔

''فیض میر'' کی طرز نگارش ''نکات الشعرا'' سے بہرحال زیادہ پختہ ہے۔ اس میں جامعیت بھی ہے اور اختصار کے ساتھ بامحاورہ اسلوب میں اپنے مافی الضمیر کو پیش کرنے کا سلیقہ بھی۔ اس میں مسجع و مقفّٰی عبارات کا استعمال عام طور پر اس انداز میں کیا گیا ہے کہ تصنع کا زیادہ احساس نہیں ہوتا بلکہ عبارت کی روانی پڑھنے والے کو اپنے ساتھ بہا لے جاتی ہے۔ چھوٹے چھوٹے چست فقرے جو عام طور پر مقفّٰی ہیں، طرز ادا کے حسن کو بڑھاتے ہیں۔ میر کی نثر کو دیکھ کر میر حسن نے کہا تھا کہ ''چراغ نثرش روشن'' (میر کی فارسی نثر روشن چراغ ہے) 3۔

اس میں کہیں کہیں حسب حال اشعار کی پیوندکاری بھی کی گئی ہے۔ اور الگ پتا چلتا ہے کہ یہ ایک شاعر کی نثر ہے۔ پروفیسر رضوی نے بھی میر تقی میر کے فارسی زبان پر عبور اور فارسی نثر لکھنے میں ان کی قدرت کو خراج تحسین پیش کیا ہے کہ:

''دنیا نے دیکھ لیا کہ جو قلم اردو نظم کے میدان میں کوثر اور سلسبیل بہاتا تھا، وہ فارسی نثر میں بھی

---

1 - میر اور میریات: صفدر آہ، علوی بک ڈپو، محمد علی روڈ، بمبئی 3، 1972، ص 199-200۔

2 - میر اور میریات، ص 199۔

3 - میر حسن نے لکھا ہے: چراغ نثرش روشن و ساحت نظمش گلشن، تذکرہ شعرائے اردو، لکھنؤ، 1985، ص 159۔

کیا کیا گلکاریاں کرتا ہے''1۔

اس رسالے میں وہ میر کے اسلوب نگارش کی مزید وضاحت کرتے ہیں کہ:

میر بالعموم مقفّیٰ عبارت لکھتے ہیں۔ قافیے کے التزام سے عبارت کی شگفتگی، بے ساختگی اور روانی میں فرق نہیں آتا، شاید کہیں کہیں کچھ تصنع پیدا ہو گیا ہو، لیکن زیادہ تر عبارت کا حسن بڑھ جاتا ہے۔ ہم قافیہ فقروں اور جملوں کی قید سے عبارت میں اکثر یہ نقص پیدا ہو جاتا ہے کہ ہر فقرے اور جملے کے بعد جو دوسرا جوابی فقرہ یا جملہ آتا ہے، اس میں کبھی پہلے فقرے یا جملے کے مفہوم کی بیجا تکرار ہوتی ہے اور کبھی بے ضرورت لفظوں کی بھرتی ہوتی ہے۔ اس سے عبارت میں تصنع، طوالت اور سستی پیدا ہو جاتی ہے، لیکن میر کے یہاں یہ نقص نہیں۔ ان کے یہاں جوابی فقرے اور جملے بھی چست ہوتے ہیں اور اپنا مفہوم علاحدہ رکھتے ہیں۔ اس کے علاوہ جس عبارت میں بڑے بڑے جملوں کے آخر میں قافیہ لایا جاتا ہے، وہ اکثر بے لطف معلوم ہوتی ہے، لیکن میر کے یہاں چھوٹے چھوٹے جملوں بلکہ دو لفظی اور سہ لفظی فقروں کے بعد قافیہ آتا ہے تو عجب بہار دکھاتا ہے2۔

میر عام طور پر اپنی نثر میں قافیے کا التزام کرتے ہیں، لیکن ایسا نہیں کہ قافیے کی تلاش میں مطلب کی راہ بھول جائیں اور نہ یہی کہ بغیر قافیے کے قدم آگے نہ بڑھائیں۔ ایسے جملے اور فقرے بکثرت ہیں جن کے جوابی فقرے نہیں لکھے ہیں۔ اس کے علاوہ کہیں کہیں دور تک نثر عاری لکھتے چلے گئے ہیں۔ اسی طرح توصیفی فقرے بنانے میں میر کو بڑا کمال تھا وہ جب کسی کے اوصاف بیان کرنے پر آتے ہیں تو چھوٹے چھوٹے فقرے پے در پے لکھتے چلے جاتے ہیں3۔

میر تقی میر فارسی الفاظ اور محاورات کے ایک بڑے ذخیرے کے مالک تھے۔ وہ حسب ضرورت ان کو بخوبی استعمال کرنے پر بھی قادر تھے۔ ''فیض میر'' اور اسی طرح ''ذکر میر'' میں انہوں نے بامحاورہ زبان استعمال کی ہے۔ یہ بھی بہر صورت صحیح ہے کہ ''فیض میر'' میں محاورں کی بھرمار نے اس کی افہام و تفہیم میں مشکلیں پیدا کر دی ہیں۔ کہیں کہیں یہ احساس ہوتا ہے کہ میر کو محاوروں

1- فیض میر، مرتبہ سید مسعود حسن رضوی، مقدمہ، ص3۔

2- ایضاً، ص11-12۔

3- ایضاً۔

کے استعمال پر نسبتاً زیادہ اصرار تھا۔ محاورے بھی ایسے جن سے ہندستانی فارسی جاننے والے بہت زیادہ مانوس نہیں تھے۔ محاوروں کی کثرت نے ''فیض میر'' کی نثر کو ایک حد تک غیر طبیعی بنا دیا ہے۔

پروفیسر نثار احمد فاروقی نے ''ذکر میر'' کے اپنے ترجمے ''میر کی آپ بیتی'' کے مقدمے میں یہ وضاحت کی ہے کہ:

آخری عہد مغلیہ میں بہت سے ایرانی شعرا اور اہل قلم ہندستان آ گئے تھے ان شعرا سے بعض ہندستانی شاعروں کا مباحثہ و مناظرہ بھی ہوا۔ خود سراج الدین علی خان آرزو (متوفی: 1169ھ/1756) اور شیخ علی حزیں (متوفی: 1180ھ/1766) کا معرکہ ہمیں معلوم ہے۔ ہندستان کے فارسی داں علما اور شعرا اپنے قدیم فارسی سرمایے پر قانع تھے۔ جدید فارسی محاورات سے انھیں واقفیت نہیں تھی۔ وہ ان ایرانی اہل زبان کے سامنے خود کو ''ناخواندہ'' محسوس کرنے لگے تھے۔ اس کا ردّ عمل یہ ہوا کہ ہندستانی فارسی گو شعرا کی خاصی تعداد رفتہ رفتہ ریختہ گوئی کی طرف چل پڑی۔ اس سے اردو شاعری میں نئی توانائی آ گئی۔ دوسری طرف خان آرزو اور ٹیک چند بہار جیسے علما نے فارسی زبان کے جدید فارسی محاورات کی جمع آوری اور ایک جامع لغت کی ترتیب و تدوین کو ضروری سمجھا تو لغت نویسی کے کام میں پیش رفت ہوئی......1

خان آرزو نے ''چراغ ہدایت'' میں ہندستان میں غیر مانوس فارسی الفاظ و محاورات کو شامل کیا ہے اور ان کی توضیح کی ہے۔ اس کام میں انھوں نے اہل زبان سے بھی مدد لی تھی۔ ''ذکر میر'' میں جو ''محاورہ اہل ایران'' کا استعمال ہوا ہے اس کا دو تہائی سے زیادہ حصہ ''چراغ ہدایت'' کا مرہون منت ہے۔2

یہی صورت حال ''فیض میر'' میں بھی ہے۔ بڑی تعداد ایسے الفاظ و محاورات کی نظر آتی ہے جو ''ذکر میر'' اور ''فیض میر'' میں مشترک ہیں۔ پیش نظر اشاعت کی فرہنگ میں اس طرح کے مشترک الفاظ و محاورات کی نشاندہی کی گئی ہے۔

1- میر کی آپ بیتی: پروفیسر نثار احمد فاروقی، ص 32-33۔

2- ایضاً، ص 32۔

یہ چند بامحاورہ جملے ”فیض میر“ کے اوائل صفحات میں نظر آتے ہیں:

اما گمان نخواهی برد که نان می گویم و جان می دهم. من شیرم، شکم را نان سماط می کنم. نان گربه را به تیر نمی زنم. گفتم: استغفر الله! این چه معنی دارد. آب بر دست چون تو درویشی ریختن، نان پختن است و نان به خون تر شدن این جانان به روغن افتادن [1]۔

میر تقی میر ”فیض میر“ سے رسل ورسائل کا طریقہ سکھانا چاہتے ہیں۔ اس لیے اس کے مطالب کی اتنی اہمیت نہیں جتنی اس کی نثر کی ہے۔

اس رسالے سے میر کی زندگی کے بارے میں اطلاعات حاصل کرنے کی امید بجا نہیں۔ اس کے باوجود میر کی زندگی اور ان کے دو ایک معاصر اشخاص وغیرہ سے متعلق اس رسالے سے یہ پتا چلتا ہے کہ:

اکبر آباد میں ایک محلّہ کا نام ممتاز گنج تھا جو میر کے زمانے میں خرابے کی حالت میں تھا۔ میر ناموافق حالات سے مجبور ہو کر جب اپنے وطن اکبر آباد سے شاہجہاں آباد آئے تو وہ میاں سعید خاں کی خدمت میں بھی پہنچے۔ ان کے بارے میں کسی دوسرے ماخذ سے کوئی اطلاع نہیں ملتی۔ میر اپنے اس محسن کے اخلاقِ کریمانہ کی تعریف کرتے ہیں کہ:

وہ ایک مردِ کامل، نیک دل، خوش خلق، سیر چشم بزرگ تھے۔ اکثر شہر کے بزرگوں کی محفل میں شرکت کرتے تھے اور آخر میں بیٹھتے تھے۔ بڑے لوگ ان کا ادب واحترام کرتے تھے۔ رفتہ رفتہ صف نعال، مقام صدر بن جاتی تھی۔ سبزان نو خط سے ربط رکھتے تھے۔ کوچہ و بازار میں گھومتے پھرتے تھے۔ شاہ و وزیر ان سے ملنے کے متمنی رہتے تھے مگر وہ کسی پر التفات نہیں کرتے تھے۔ دولت مند بڑی بڑی رقمیں انھیں دیتے تھے اور خود ہی احسان مند رہتے تھے۔ ایک بار ایک وزیر سے چالیس ہزار روپے وصول کیے اور قدم شریف کے شکستہ حوض کی مرمت کرائی اور جو روپیہ بچا، وہ فقیروں اور مسافروں میں تقسیم کر دیا۔ یہ جب پچاس برس کے ہوئے تو گوشہ نشین ہو گئے۔ ہر روز

1۔ فیض میر پیش نظر اشاعت، ص 2-3۔

صبح کی نماز کے بعد قبرستان جاتے اور دوپہر کے قریب واپس آتے۔ میر تقی میر بھی ایک بار چپکے سے ان کے پیچھے ہو لیے۔ دیکھا کہ ہر قبر پر عبرت کی نظر ڈالتے ہیں اور آگے بڑھ جاتے ہیں۔ میر کے پاؤں کی آہٹ پا کر پیچھے مڑ کر سخت لہجے میں بولے کہ ''دوستی میں بہت بے تکلفی مجھے پسند نہیں'' میر پر اس قدر خوف طاری ہوا کہ ان میں ایک قدم اٹھانے کی طاقت بھی نہیں رہی۔ انھیں شعر شاعری سے تعلق خاطر تھا......

ان کے ایک قریبی دوست محمد حسین متخلص بہ کلیم [1] تھے جو بے روزگار تھے اور پھر اسحاق خان شہید کے چھوٹے بھائی مرزا محمد علی کی سرکار میں چالیس پچاس روپے کے نوکر ہو گئے۔

میر کبرویہ سلسلے کے بانی احمد بن عمر بن محمد خوافی خوارزمی معروف بہ نجم الدین کبری سے واقف تھے۔ یہ ''ولی تراش'' کہلاتے تھے۔ خوارزم پر 618ھ/1221 میں منگولوں کے حملے میں قتل کر دیے گئے۔ ان کے قتل کا واقعہ جس انداز سے میر نے لکھا ہے، وہ نجم الدین کبری سے متعلق معتبر کتابوں میں نظر نہیں آتا۔

میں قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی کا ممنون ہوں کہ مجھے ''فیض میر'' مرتب کرنے کی اجازت دی، جو پیش خدمت ہے۔

شریف حسین قاسمی

شعبۂ فارسی، دہلی یونیورسٹی، دہلی

ا- میر نے ان کا ذکر نکات الشعرا میں بھی کیا ہے۔

مآخذ

الف: شمیم سخن: مولوی عبدالحی متخلص بہ صبا، دوسرا ایڈیشن، نولکشور۔

ب: سراپا سخن (تلخیص): سید محسن علی موسوی، لکھنؤ۔

ج: تذکرۂ ہندی: غلام ہمدانی مصحفی، لکھنؤ 1985۔

د: گلشن بے خار: نواب مصطفیٰ خان شیفتہ، لکھنؤ 1982۔

ہ: آب حیات: محمد حسین آزاد، مکتبہ اشاعت اردو، دہلی۔

و: تذکرۂ شعرائے اردو: میر حسن، اردو اکادمی، لکھنؤ 1985۔

ح: میر کی آپ بیتی (ذکر میر کا اردو ترجمہ): نثار احمد فاروقی، انجمن ترقی اردو (ہند)، نئی دہلی، 1996۔

ط: فیض میر: میر تقی میر، مرتبہ پروفیسر سید مسعود حسن رضوی، نظامی پریس، لکھنؤ (پہلی اشاعت)۔

ی: فیض میر: میر تقی میر، مرتبہ پروفیسر سید مسعود حسن رضوی، نظامی پریس، لکھنؤ 1929 (دوسری اشاعت)۔

ک: تاریخ محمدی: میرزا محمد بن رستم مخاطب بہ معتمد خان، مرتبہ امتیاز علی عرشی، علی گڑھ، 1960۔

ل: نکات الشعرا: میر تقی میر، مرتبہ ڈاکٹر محمود الٰہی، ادارۂ تصنیف، ماڈل ٹاؤن، دہلی، جنوری 1972۔

م: نکات الشعرا: اردو ترجمہ از حمیدہ خاتون، نئی دہلی، 1994۔

ن: محمد تقی میر: ڈاکٹر جمیل جالبی، ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی 1983۔

س: میر اور میریات: صفدر آہ، علوی بک ڈپو، محمد علی روڈ، بمبئی، 1972۔

رسائل

الف: دلی کالج میگزین (میر نمبر)، دہلی 1963ء

ب: غالب نامہ، ج2، شمارہ 1، جنوری 2005ء

ج: نقوش (میر تقی میر نمبر 3) شمارہ 131، لاہور، اگست 1983ء

د: اردو ادب، نئی دہلی (مختلف شمارے)۔

بسم الله الرحمن الرحیم

بعد حمد و ثنای قادر سخنی که به‌یک حرف جریدهٔ عالم را از قلمرو عدم به‌صفحهٔ هستی جلوه داد. و تحیات زاکیات امّی‌ای[1] که آشنا به‌حرف متفصل نبود و اول بسم الله سر به‌جهان معنی نهاد. می‌گوید فقیر حقیر میر محمّد تقی متخلص به‌میر که درین ایام فیض علی پسر من ذوق خواندنِ ترسل پیدا کرده بود[2] لذا حکایات خمسه متضمن فوائد بسیار را به‌اندک فرصت نگاشتم. و مراعات اسم او نموده نام نسخه «فیض میر»[3] گذاشتم. هر که این حکایات خمسه را به‌دل بخواند، غالب که در رنج و سختی نماند.

---

1. اصل: الی.
2. اصل: بودند، حکایات خمسه.
3. اصل: نام نسخه فیض گذاشتم.

حکایت[1]

روزی با درویشی شاه ساهانام[2]، مستغرق شوق صبح و شام، حالاتش بر السنه مذکور. به‌شیرآهوخانهٔ[3] مشهور بر خوردم. التفات بسیاری کرد و گفت که ای جوان در چه خیالی که این همه پریشان حالی. اگر به‌آن سراپاناز سری داری، باید که بخود نظری داشته باشی. با این[4] همه تنزّه و تقدّس علاقه‌ای دارد که او را از تو فرق نتوان کرد. این نیست که پیدا نیست، یا این جا هست و آنجا نیست. هرچند از کمال ظهور حسن چون آفتاب نصف‌النّهار در حجاب است[5] امّا کدام ذرّه از ذرّات عالم دیده‌ای که بی‌پرتو آن آفتاب است. زمان زمان بیندیش و بخود فرو رو مقصود تویی، به‌کام جان واصل شو:

جدا از خود چه می‌جویی توهم کرده مهجورت

اگر معنی همین معنی دگر صورت همین صورت

شامگه[6] مشکیزه‌ای بردوش گرفته به‌بازار می‌آمد و آواز می‌داد که ای خشک دهانانِ ساحل دریای کم آبِ هستی! اگر از[7] شما کسی

---

1. در نسخهٔ اصل هیچ جا لفظ حکایت، نیامده است ولی در نسخهٔ چاپی آمده است و خود میر واژهٔ «حکایت خمسه» را بکار برده است، لذا لفظ «حکایت» نوشته شده است.
2. اصل: شاها
3. اصل: شرآهوخانه.
4. چاپی: آن.
5. اصل: نصف‌النّهار روز خجالت.
6. اصل: شاید.
7. چاپی ندارد.

لب تر کردنی منظور دارد، خوش باشد. هرگاه مردمان بروگرد می‌آمدند، کسی را شربت شکر خام و کسی را پر از شیر جام می‌داد. ریا کاری نبود. آب در شیر نمی‌کرد. قدم پیش‌می‌نهاد.

یکی پاسی از شب گذشته روی سخن به‌سوی من کرد که ای عزیزا اگر نان جوین[1] دست دهد، این پیر ضعیف سیر خورد. چون برخاستم گفت: کجا؟ گفتم: موافق اشاره کاربند می‌شوم. گفتا: برو امّا گمان نخواهی برد که نان می‌گویم و جان می‌دهم. من شیرم، شکم را نان سماط می‌کنم[2]. نان گربه را به‌تیر نمی‌زنم. گفتم: استغفر الله! این چه معنی دارد. آب بر دستِ چون تو درویشی ریختن نان پختن است و نان به‌خون تر شدن این‌جا نان به‌روغن افتادن.

دمی که به‌خانه آمدم، دیدم که مردمان همه در خوابند. مگر کهنه واهی[3] که غَلط و اَغلط می‌کرد. التجا به‌او بردم. آن مرده شو برده بعد رکیدن[4] بسیار نان را[5] پخته به‌دست من داد. چون پیش فقیر بردم، گفت: که این نان قابل خورد آدمی نیست. بر این ماده سگی عففی کرده است. زود ازین‌جا بردار و پیش سگان بینداز. غرض که او هرگز نخورد و مرا این معنی از هوش برد.

عجوز روغن فروشی معتقد داشت. اکثر چرب‌زبانی به‌کار می‌برد.

---

1. چاپی: جوان.
2. اصل: می‌کنم.
3. اصل: کهادای.
4. اصل: به‌قدر کیدن.
5. چاپی ندارد.

پارهٔ نانی دم آبی[1] از خانه[2]‌اش می‌خورد.

یکی بر فقیر حالتی بود بند بند از بند جدا، سر معلّق در هوا. آن سال‌خورده به‌سرِ وقت او افتاد. و از مشاهدهٔ این حالت فریاد برآورد که ای اهل محلّه! کسی میان سها را کشت. هنگامه برپا شد. درویش از شور و غوغای مردم[3] ازان حالت به‌حال[4] اصلی خود آمده هر دو دست بر زمین زدن و نفرین کردن آغاز نهاد که از هر که این راز بر روی[5] روز افتاد، و من مهجور[6] را بخیه بر چهره رفت، امشب پسر او را خون بگیرد، و خودش به‌خواری بمیرد. ناگهان آتش در افتد. رسم باش[7] و بود بر افتد. از من آثار نماند. این‌جا دیّار نماند. آبادی غیرتِ وادی شود. مار به‌عصا راه رود و مردمان تباه و خانه‌ها سیاه. ازین سر تا به‌آن سر ویرانه، این باهم نشستنها افسانه. محلّه را آب برد. این جا قو نپرد.

در این میان روز به‌آخر رسید. دست و دهن به‌آب کشید. قصد نماز دیگر کرد و تلطّف[8] با من سر کرد که ای عزیز! باز[9] امروز پیش

---

1. اصل: پارهٔ نانی دم.
2. اصل: خاله‌اش.
3. چاپی ندارد.
4. چاپی: غوغا ازان به‌حالت به‌حال اصلی.
5. اصل: بروی بزور.
6. اصل: دهن مهجور.
7. اصل: رسم باد و بوش و باد.
8. چاپی: به‌لطف.
9. چاپی ندارد.

از شام برو. موجب تشویش فقیر مشو. محلّه محل نزول حادثات به‌نظر می‌آید. قریب است که عافیت بار بندد و بلا رو نماید. حاصل که مرا دل داد و در فکر نماز افتاد.

چون شب پردهٔ ظلام فروهشت، قریب دو صد دزد به‌سرهنگیِ تمام شمشیرها کشیده درآمدند. و دو سه کس کمندها انداخته بالای بام عجوز برآمدند. پسر خون گرفتهٔ او خود را بر روی آنها کشید و به‌یک ضربت تیغ آبگیری کرده به‌خاک و خون غلطید. مشعل افروخته خانه‌ها را آتش دادند. و به‌خاطر جمع دست غارت کشادند. کسی روی غربا ندید. کار به‌تمامی کشید. تا دلِ شب کل مکل بود. شبگرد رو سیه رو ننمود. وقتی که هنگامه فرو شد، یعنی دزدان خانه‌ها را بار کرده بردند، کسان از فرط هراس محلّه را خالی گذاشته به‌در زدند. هنوز جای باش مقرر نشده بود که ابر سیاهی سفید شده پهن گشت. و دریا دریا باریدن گرفت. بنایی نماند که به‌آب نرسید. متاعی نیافتند که آب ندید. مردمان مانند آب بازان برای نجات دست و پا می‌زدند. امّا از شدّت بارش هر لحظه نومیدتر می‌شدند:

ابـر تـر از بـس تـریـهـا مـی‌نـمـود
هر یکی از خوف جانت[1] خشک بود

پاسی بر این نرفته باشد که صحرا صحرا آب از دشت رو به‌شهر آورده اکثرآبادی را برد. و به‌یک مژگان بهم[2]زدن عمارات آن محلّه برهم خورد. خانه‌ها نشستند. دیوارها شکستند. چون آب را زمین

---

1. اصل: خانه.
2. اصل ندارد.

فرو برد، از در و بام[1] نشانی نیافتم. از بناها آثاری ندیدم. تلاطم امواج و تصادم هوا مکانات را به‌خاک برابر ساخت. کف دست میدانی بود که نگاه بی‌حایل نشیب و فراز تا چشم کار می‌کرد، می‌رفت. عبرت[2] دست بهم داد که این قسم معمورهٔ دق از دل بر در عرصهٔ یک هفته صحرایی لق و دق شد.

حیران کار راهِ تکیهٔ فقیر پیش گرفتم. در اثنای راه نگاهم بر آن پیر زن روغن فروش افتاد که بسان سرنشینان پای‌مال ذلت و خواری افتاده پیش کس و ناکس رو می‌انداخت. گفتم: حرف دیروزه است که دست در روغن داشتی. پسرت جوان خوبی[3] بود. چه واقع شد که دفعتاً به‌چنین بلا مبتلا شدی؟ تو خود سردستی بهر کس می‌گرفتی. چه کردی که به‌جزای آن انگشتر پا شدی. دم سرد برآورد و گفت که ای عزیز! چگویم، تفصیل لطف ندارد. نفرین فقیر خدا گیرم[4] ساخت. آسمان روی مرا بر خاک انداخت. اگر با او برخوری، از من[5] خاک افتاده بگو که ناکشیدنی‌ها کشیدم، به‌سزای کرده رسیدم. اکنون عذر مرا به‌پذیر. از خاک مذلت برگیر.

دعای کن که جهان آب و گل را دعا بگویم. رحم آر که چارهٔ کار از مرگ بجویم. زندگانی مرگ است و مردن زیست. یعنی طاقت

---

1. اصل: از دزد نشانی و.
2. اصل: حسرت.
3. چاپی: چرب.
4. اصل: گرم.
5. چاپی: ازین.

ستم کشیدن نیست. گفتم: دل جمع کن. اگر وقت مساعدت می‌کند، به‌او می‌رسانم.

یک تیر پرتاب رفته باشم که تیر ماری کفچه پهن کرده چون تند باد [1] رسید. از شاه راه کناره کردم و بالا بالا به‌تکیه آمدم. دیدم که فقیر جامهٔ ببری [2] به‌بردارد و بر پوست شیر نشسته است. هیئت هیبت [3] ناکش چنان در من اثر کرد که پایم از پیش بدر رفت. هر طرف از چشم آتش‌فشان به‌وضعی می‌دید که بیننده را زهره آب می‌گردید [4]. پرسید: از کجا می‌رسی؟ التماس کردم که برای سیر خرابهٔ تازه رفته بودم و به‌آن زال ضعیفه نیز ملاقات نمودم. روی درهم کشید و گفت: گپ دیگر بزن. ماری رفته است کار او خواهد ساخت.

پس از ساعتی خبر رسید که عجوز روغن فروش را مارگزید. چون من حیرانِ این واقعه ماندم و به‌رنگ نقش دیوار سخن نراندم، گفت: چه بخود فرورفته‌ای؟ امشب همان مار این رو سیاه را نیز خواهد [5] گزید. حیران‌تر شدم و گفتم: این چه حالت است. گفتا: مگر نشنیده‌ای! دمی که غضب فقیران آتش می‌افروزد، خشک و تر هرچه درو می‌افتد، می‌سوزد. فرصت عمر من کم و حال بسیار درهم. دو سه حرف بشنو و یاد گیر و برو.

---

1. اصل: باد تند.
2. اصل: شیری سردارد.
3. اصل: مسه مسه.
4. اصل: می‌کرد.
5. اصل: خواهند.

گفت که ای عزیز! دنیا کاروانگاه[1] دلکشی است. ازین‌جا به‌جز حسرت همراه نمی‌رود. حیف اوقات آن عزیز که زود[2] آگاه نمی‌شود. شیرانه بزی و بکار گور بپرداز. وقتی که چون آهو گرم رم است[3]، ضایع مساز. افلاطون با آن کمال غریبانه زیستی. و زمان زمان زار گریستی. شاگردی پرسید که سبب گریه ظاهر نمی‌شود. گفتا: ای نافهم! کسی که چون مرگ استحاله‌ای در پیش داشته باشد، چرا نگرید:

خنده می‌آیدم چه می‌پرسی   سببِ گـریه‌هـای زارِ مـرا

بدانکه آن سرمایهٔ جان که مقصود دل‌هاست، آیینه در پیش دارد و سری با خویش. گرم تماشای خود است و محو سراپای خود. اگر بر آسمان هفتم روی، بی‌پرواست. در خاک شوی، همان گرم استغنا. بی‌رنگی[4] او رنگ‌ها دارد و ساز وحدتش[5] آهنگ‌ها. شفق یاد می‌دهد از رنگ آلش[6]. گل می‌گوید که گل به‌جمالش. در پردهٔ کثرت نواسازی می‌نماید. از شش جهت آواز او می‌آید. حرف مرگ می‌گفته باش. به‌گورستان[7] می‌رفته باش. تا از رفتن خود غافل نشوی

---

1. اصل: کارونکاه.
2. اصل ندارد.
3. اصل: گرمست و یکی.
4. اصل: نیرنگی او رنگها.
5. اصل: صدایش.
6. چاپی: آش.
7. اصل: گوستان.

و به‌لعب طفلانه مائل نشوی[1]. برو شام است و راه پُر گِل. مرا تشویش رفتنی در دل. امید که صبح بر جنازهٔ من بیایی. حق صحبت دیرین فراموش ننمایی. مجال تکرار نه یافتم. نومید برخاسته آمدم. از فرط غم هیچ نخوردم. شب در تلوا سه بسر بردم.

هنوز خیط‌الاسود[2] از کنارهٔ دار بست سبز فلک که چندین هزار مار مونیرک سر خود را ازان نمایان دارند، فرونه هشته بود. شوری برخواست که شیرآهوخانه را مار گزید و هلاک گردید. دل از جا رفت، طاقت از پا[3] رفت. اسپ[4] از خانهٔ آشنایی طلبیدم. عنان دل از دست داده رسیدم. غم جان‌گزا بود. گداز گشتم. اشک‌ریزان شریک نماز گشتم. جنازه کشان کدخدایان شدند. دو خواننده نمایان شدند. این بیت را سرودند، بی‌طاقت‌تر نمودند.

همرهِ نعشم بیا تا به‌سرِتربتم

با تو غنیمت بود یک دو سه گامِ دگر

گریان گریان مردهٔ او را بردند و به‌خرابهٔ تازه به‌خاک سپردند. چه نویسم که از مرگ فقیر چه قدر ملالت کشیذم. و از مارگیری ارقم روزگار چه حالت، ماه‌ها سینهٔ من تفت[5]، سالها از خاطر نرفت.

---

1. چاپی: نگردی.
2. اصل: ضبط آن سودا ز کنارهٔ.
3. اصل: ما.
4. اصل ندارد.
5. اصل: ماه‌ها بسینه من که الفت سالها از خاطر نرفت.

حکایت

شنیدم که در خرابهٔ[1] ممتاز گنج که محلّه‌ایست از اکبرآباد، درویشی داغِ سودا بر سر، موی ژولیده تا کمر از دور چون تیر خاکی گرد[2] می‌کند و از بسِ وحشت چون شکار دور کرد. گاه به‌چشم می‌آید و گاه پنهان می‌گردد. مشتاق شده انداز دیدنش کردم. اتفاقاً همان[3] روز راه او از ویرانه به‌بازار محلهٔ مذکور افتاده بود. دیدم که چون گردباد وحشت آماده می‌رسد. و بازاریان دیوانه‌ای بی‌سر و پایش قرار داده[4]، سنگ‌باران می‌نمایند. او می‌گوید که چوب شما در آب ست[5]. مبادا که آسیبی بما برسد و این محلّه پاک بسوزد.

چون بحث به‌طول کشید، سنگی بدوشش رسید. پرکالهٔ آتشی از هوا در انبار پنبه افتاد. شعله‌ای برخاسته پهن شده[6] سر به‌بازار نهاد. به‌یکدم هنگامهٔ آتش چنان گرمی پذیرفت که دست و دل بازاریان سرد شد. یعنی آن قدر آب که این آتش تیز را فرو نشاند، هم نرسید. سنگ و چوب و خشت و غلّه همه خاکستر گردید. خورد و کلان در فکر خویش افتادند[7]. فقیر در این فرصت قدم کشاد.

---

1. اصل: خانه.
2. اصل: از و در خون بر خاک کرد می کند
3. اصل: همان روز او از ویرانه.
4. اصل: داده‌اند.
5. اصل: چوب شما دار است.
6. چاپی: پهن شد و.
7. چاپی: افتاد.

به‌اندک زمانی بر لب دریا آمد و نشست. دریا طرفه دریایی به‌جوی خود بست. هر دو پا در آب در آویخت. دریایی به‌دریا برآمیخت. من که پا بپا دویده آمده[1] بودم، پیش رفتم و روی خود نمودم. دید و نپرسید[2]. متفحصِ نام شدم، به‌جرأت تمام. گفتا: احسن‌الله و لقب رام.گفتم: وطن؟ گفتا: دکن. گفتم: چه پیش آمد که این‌جا رسیدی؟ گفتا: همین آوارگیها که دیدی. گفتم: دست و دهنِ گردآلود بشو و با من اندکی واضح‌تر بگو.

چون (به) سماجت من نظر کرد، ناچار حرف سرکرد که ای عزیزا جوانی بود، شور در سر داشتم. شبی از خانه پا بیرون گذاشتم. قلندری جگر کبابی در بازار کمر سیخ کرده به‌نظر درآمد. شیر قلاب سیمین خود را که بر پنجهٔ[3] او از اتفاقات شکستی رسیده بود، به‌دکان زرگر درست می‌کنانید. سُبحه دردست داشت، متصل می‌گرداند[4] و به‌حسرت تمام این تسبیح را می‌خواند که "سبحان من لیس للخلق الی معرفته سبیل". بسیار به‌دلم خورد. دست در گریبان‌زده از شهر برآمدم. و چون غبار سراسیمه به‌دامن کوهی درآمدم. چندی دران سنگلاخ سخت خوردم. دندان بر جگر افشردم. غذا برگِ‌تر کردم. به‌همین سر بسر[5] کردم. روز و شب زار نالیدم. روی بر خاک مالیدم.

---

1. اصل: آمدم.
2. اصل: پرسید.
3. اصل: نیچه رداز.
4. اصل: می‌گردید.
5. اصل: بسیر.

حرف[1] نگفتن گرفتم. ترک خفتن گرفتم. دیوانه‌وار گشتم. یعنی بسیار گشتم. سر را بر هر سنگ زدم. صد مرده فریاد شدم.

یکی بعد از نماز صبح این رو سیاه جملگی قبیح بر تختهٔ سنگی نشسته بر سبیل ته پا برگ درختانِ سبز را می‌خورد. ناگاه سیاحت پیشه سر تا پا اندیشه در راه خدا خود گم و ریشش جو و گندم. چپکن[2] در بر، چتر طاؤس بر سر. از جانب دست راست پیدا شده گفت: که ته‌داران[3] تنها ته‌بندی نمی‌کنند. از تنک‌رویی جواب ندادم. بر تختهٔ سنگ جا کشادم. دو سه برگ تناول نمود. لحظه‌ای آسود. و فرمود که ای عزیز! مگر[4] دل‌دادهٔ آن یار پریشان اختلاطی که جای او در هردل پیدا ست. وارفتهٔ آن قیامت[5] خرامی که سراسر برای خویش است و پیش خود بر پا. آن سرمایهٔ ناز رنگین رفتنی دارد که از طرز رفتارش چمن چمن جان می‌بارد. استغنایش به‌حدّیست که اگر از باد دامن بلندش جهانی، برباد رود، پروا ندارد. در جایی که به‌خس پهلو می‌دهد، محیط اعظم را کی رو می‌دهد.

یار ما آن دارد و این نیز هم

از لب‌های شکرینش به‌سبب تلخی ناکامی دل‌زده نباید شد که نومیدی را دوست نمی‌دارد. آن پرکالهٔ آتش یعنی تجلی جلوهٔ[6] من در

---

1. اصل: حرف بر سنگ‌زدم صد مرده فرهاد شدم.
2. اصل: خرکن.
3. اصل: پرداران.
4. اصل: هر دل پیش خود.
5. اصل: رفتنهٔ آن قیامت خرابی.
6. اصل: به‌چنین.

نی بست چنین عاشق قدم نمی‌گذارد. نومیدی از برای چه مقصود همکنار است. دل تنگ چرا نشسته‌ای که عالم همه یاراست. برخیز و سیاحت کن. خوش باش و فراغت کن. برخواستم. همراه شدم. آگاهی بود آگاه شدم.

روزی در نواح گوالیار تکیهٔ فقیری را منزل نمودیم. و در میان هر دو صبح مشغول به‌رکعت منفردهٔ[1] وتر بودیم. ناگاه طوطی قفسی که زبان دادهٔ صاحب آن مکان بود، دو سه بار سبحان الله به‌حزن تمام گفت، غیرت عشق در من حالتی نه گذاشت. هوش از سرم دست لطف برداشت. سیاح آن[2] آب بر چهره‌ام زد. طاقت رفته باز آمد. گفت: چه بود؟ گفتم: ذکر کردن طوطی بر دماغم خورد. غیرت عشق از جایم برد. گفتا: آن محبوب را نیز به‌عاشق همین معاملت است. اگر او را مشغول بغیر می‌بیند، با این بدل[3] نزدیکی دوری می‌گزیند. فتنه به‌ایمای او بر سرش می‌دود. نی نی بلکه تا کشتن همراه می‌شود.

درویشی از کلبهٔ تاریک خود گاهی بدر نمی‌آمد. روزی معتقدی گفت که شب‌های ماه در سواد این شهر مهتاب خوب[4] می‌شود. اگر چشم[5] آب داده آید، خالی از کیفیت نیست. آن مست شراب معرفت تکلیف او را بر خاک نینداخته رفت. هنوز چشم وا نه کرده بود که

---

1. اصل: مفرمودهٔ در.
2. چاپی ندارد.
3. اصل ندارد.
4. اصل: حرت.
5. اصل: چشمهٔ معتقد.

